نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

___فصلوں کو کیڑوں کے حملہ سے بچانے کے لئے بائیولوجیکل کنٹرول کا فیصلہ، ورکنگ گروپ تشکیل دیا جائے گا

لاہور: 05فروری 2017 (   )محکمہ زراعت نے فصلوں پر کیڑوں کے حملہ پر قابو پانے کے لئے بائیولوجیکل کنٹرول کے لئے ورکنگ گروپ تشکیل دینے کا فیصلہ کیا ہے ،جس میں محکمہ زرعت وفاق اور پنجاب کے نمائندے، زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے ماہرین، سائنسدان، محققین اور دیگر شامل ہوں گے، یہ گروپ فصل دشمن کیڑوں کو زہر اورادویات کے استعمال کو کم سے کم کرنے کے لئے سفارشات مرتب کرے گا، علاوہ ازیں محکمہ زراعت فصلوں کی ریکارڈ پیداوار حاصل کرنے کے لئے جدید خطوط اور تازہ تحقیق پر مبنی نئی حکمت عملی مرتب کر رہا، ماہرین نے آئی پی ایم ٹیکنالوجی کے استعمال کو بروقت قرار دیا ہے، مذکورہ گروپ کی تشکیل کا فیصلہ فصلوں کی پیداوار میں اضافہ کے سلسلہ کی کڑی ہے، علاوہ ازیں فصلوں کو دشمن کیڑوں کے خاتمہ کے لئے محکمہ زراعت کی گیارہ لیبارٹریاں دوست کیڑوے بنانے میں مصروف ہیں یہ دوست کیڑے کسی حد تک زہر کے اثر سے بھی محفوظ رہیں گے، محکمہ زراعت کے اس اقدام کا مقصد فضا کو زہر سے بچانا اور خوراک کو زہر سے بچانا ہے، واضح رہے کہ محکمہ زراعت نے کپاس کی قبل از وقت کاشت پر پابندی عائد کر رکھی ہے،